© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## البہائیۃ ــــ نقد و تحلیل

مصنف :- علامہ احسان الٰہی ظہیر

ناشر :- ادارہ ترجمان السنۃ، ۴۷۵ شادمان، لاہور

کاغذ، طباعت بہترین۔ صفحات ۳۷۵۔ قیمت درج نہیں

علامہ احسان الٰہی ظہیر نامور خطیب اور مصنف ہیں۔ ان کی عربی اور اردو کی متعدد کتابیں اہلِ علم کے مطالعہ میں آ چکی ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب "البہائیۃ" ان کی تازہ تصنیف ہے جو عربی زبان میں ہے۔ اس کتاب میں فاضل مصنف نے فرقہ بہائیہ کے تمام پہلوؤں پر بحث کی ہے اور اس کے ہر گوشے کو نقد و تجزیہ کی میزان میں رکھا ہے ــــ یہ فرقہ کس طرح عالمِ وجود میں آیا، اس کا بانی کون تھا اور اس نے اس فرقے کی کیوں اور کب بنیاد رکھی۔ اس کی زندگی کے تمام حالات اور افکار و عقائد کی پوری تفصیل اس کتاب میں بیان کر دی گئی ہے۔ پھر اس کے معاصرین و رفقا اور ان کے ساتھ اس کے تعلقات و مراسم کی نوعیت کو بھی واضح کیا گیا ہے۔ بہائیت کی تعلیم، اس کے مذہبی رجحانات اور اس کی شریعت وغیرہ تمام امور کو فاضل مصنف نے تفصیل سے بیان کیا ہے۔ فرقہ بہائیہ کے زعماء و اکابر اور ان کے باہمی اختلافات کو بھی اجاگر کیا ہے۔ اسلام، نبوت اور تعلیماتِ اسلامی کی ان لوگوں نے جہاں جہاں مخالفت کی اور جس انداز سے اس کو ہدفِ تنقید ٹھہرایا، جس شکل میں اپنے باطل و غلط افکار کی ترویج کے لیے کوششیں کیں، حوالوں میں جہاں جہاں ٹھوکر کھائی یا بدنیتی سے کام لیا، اس کی تمام تر تفصیل کتاب میں مذکور ہے۔

کتاب آٹھ مقالوں پر مشتمل ہے اور ہر مقالہ بہت سے معلومات کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ فاضل مصنف نے کتاب کی تصنیف پر بڑی محنت کی ہے اور عربی، فارسی، اردو اور انگریزی کی ۷۸ کتابوں سے استفادہ کیا ہے۔ عربی سے تعلق رکھنے والے حضرات کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ اس موضوع پر عربی زبان میں اس انداز کی یہ پہلی کتاب ہے۔

© rasailojaraid.com